سوال

(871) ''تورّک'' دو رکعتی یا ایک رکعتی نماز کے قعدہ میں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے بعد اور ایک وِتر پڑھتے ہوئے قعدہ میں تورک اختیار کرنا ہوگا یا ایک پاؤں کھڑا کرکے بائیں پاؤں پر بیٹھیں گے جیسے دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مسئلہ ہذا میں اگرچہ اہلِ علم کا اختلاف ہے، لیکن ظاہر یہ ہے کہ دو رکعتی یا ایک رکعتی نماز کے قعدہ میں بھی ''تورک'' ہے۔ کیونکہ حدیث کے الفاظ 'فی الرکعۃ الأخیرۃ' عام ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔ (فتح الباری: ۳۰۹/۲)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:740

محدث فتویٰ